# سوالات
# كتاب النكاح
# كتاب الطلاق.
# 2022.

كاوش سيد محمد
بلال شاه

Scanned with CamScanner

# امتحان کی تیاری کے لیے سوالات

۱۔ نکاح کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟

۲۔ نکاح کی شرعی حیثیت بتائیں فرض ہے واجب ہے یا سنت؟

۳۔ نکاح کے فوائد پر روشنی ڈالیں۔

۴۔ نکاح کے دو رکن ایجاب و قبول ہیں ان کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ ان کے لیے ماضی کا صیغہ کیوں لازم ہے؟

۵۔ نکاح کا انعقاد کن کن الفاظ سے ہو سکتا ہے اور اس سلسلے میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا کیا اختلاف ہے ان کی دلیل اور احناف کی دلیل ذکر کریں؟

۶۔ لفظ بیع کے ساتھ نکاح صحیح ہوتا ہے جب کہ اجارہ اباحت، اعارہ اور لفظ وصیت کے ساتھ نکاح نہیں منعقد ہوتا وجہ بیان کریں؟

۷۔ نکاح میں گواہوں کی حیثیت کیا ہے اور گواہوں کے لیے کیا شرائط ہیں؟

۸۔ نکاح میں گواہوں کے بارے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب کیا ہے اور ان کے خلاف احناف کی دلیل بھی ذکر کریں؟

۹۔ وہ کون کون لوگ ہیں جو نکاح میں گواہ نہیں ہو سکتے اور کیوں؟

۱۰۔ اگر مسلمان مرد، ذمیہ عورت سے نکاح کرے اور دو ذمی مرد گواہ ہوں تو جائز ہے یا ناجائز، اس میں کن کن ائمہ کے درمیان اختلاف ہے، اختلاف کی نوعیت اور دلائل ذکر کریں۔

۱۱۔ چھوٹی بچی کا نکاح اس کا وکیل کرے اور باپ بھی موجود ہو اور ایک گواہ ہو تو یہ نکاح کیوں جائز ہے؟ اور اگر باپ موجود نہ ہو تو جائز نہیں فرق کی وجہ بتائیں؟

۱۲۔ محرمات عورتوں سے کیا مراد ہے یہ کون کون سی عورتیں ہیں اس سلسلے میں قرآن مجید کی ایک آیت مع ترجمہ نقل کریں؟

۱۳۔ نانی اور دادی کا آیت کریمہ میں ذکر نہیں لیکن ان سے نکاح جائز نہیں اور وہ محرمات میں سے ہیں ان کی حرمت نکاح کیسے ثابت ہوگی؟

۱۴۔ متفرق پھوپھیوں اور متفرق خالاؤں کی وضاحت کریں؟

۱۵۔ سگے بیٹے کی بیوی سے نکاح حرام قرار دیا گیا اور من اصلابکم فرمایا تو کیا اس سے یہ بات ثابت ہوگی کہ رضاعی بیٹے کی بیوی سے نکاح جائز ہے یا کوئی اور مطلب ہے؟

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

۱۶۔ دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا حرام ہے ایسی اور کون کون سی عورتیں ہیں جو بیک وقت ایک آدمی کے نکاح میں نہیں آ سکتیں اس سلسلے میں ایک ضابطہ بیان کیا گیا ہے اس کی وضاحت کریں۔

۱۷۔ اگر کسی شخص نے کسی عورت سے نکاح کیا اور اس عورت کے پہلے خاوند سے ایک بیٹی ہے تو کیا ان دونوں کو ایک شخص نکاح میں جمع کر سکتا ہے مسئلہ واضح کریں اور شرعی حکم بتائیں؟

۱۸۔ زنا کے ذریعے حرمت مصاہرت ثابت ہوتی ہے اس کا کیا مطلب ہے اور اس سلسلے میں حنفی شافعی اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

۱۹۔ شہوت کے ساتھ کسی عورت کو چھونا یا اس کی شرمگاہ کو دیکھنے سے اس شخص پر اس عورت کی ماں اور بیٹی حرام ہو جاتی ہیں اس کی وضاحت کریں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف اور دلیل نیز احناف کی دلیل بھی ذکر کریں؟

۲۰۔ کسی شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی تو کیا اس کی عدت کے دوران اس کی بہن سے نکاح کر سکتا ہے؟ اس مسئلہ میں حنفی شافعی اختلاف اور دلائل ذکر کریں اسی طرح چوتھی بیوی کو طلاق دے تو اس کی عدت کے دوران نکاح کا حکم بتائیں؟

۲۱۔ اہل کتاب عورت، مجوسی عورت (آتش پرست) بت پرست اور صابی عورت، ان تمام عورتوں سے مسلمان کے نکاح کے بارے میں الگ الگ حکم واضح کریں اور جواز و عدم جواز کی وجہ بھی ذکر کریں؟ اگر قرآن وسنت سے دلیل پائی جاتی ہے تو اس کا حوالہ دیں؟

۲۲۔ حالت احرام میں شادی کرنے کے بارے میں حکم بتائیں ایک حدیث میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے منع فرمایا اور خود آپ نے حالت احرام میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا دونوں حدیثوں میں تطبیق دیں اور احناف کا موقف بیان کریں اور امام شافعی کی دلیل کا جواب ذکر کریں؟

۲۳۔ لونڈی سے نکاح کے بارے میں حنفی شافعی اختلاف ہے دلائل ذکر کریں؟

۲۵۔ آزاد آدمی بیک وقت چار شادیاں کر سکتا ہے۔ قرآن پاک سے ثابت کریں اور کیا ان میں کوئی لونڈی بھی ہو سکتی ہے اور اگر چار لونڈیوں سے نکاح ہو تو اس کا کیا حکم ہے اس مسئلہ میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف اور دلیل اور احناف کی طرف سے جواب ذکر کریں؟

۲۶۔ غلام بیک وقت کتنی شادیاں کر سکتا ہے آزاد اور غلام کے حکم میں فرق ہے تو اس کی وجہ بیان کریں؟

۲۷۔ زنا سے حاملہ ہونے والی عورت سے نکاح کا کیا حکم ہے حضرت امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا موقف کیا ہے۔ نیز ان کی دلیل اور طرفین کا موقف و دلیل بیان کریں اور اگر وہ حمل ثابت النسب ہو یعنی وہ کسی کی بیوی ہو تو نکاح کا کیا حکم ہوگا؟

۲۸۔ کسی شخص نے اپنی لونڈی سے وطی کی پھر کسی اور سے اس کا نکاح کر دیا تو کیا یہ نکاح جائز ہوگا اور اس کے استبراء سے پہلے اس کا خاوند وطی کر سکتا ہے۔ ائمہ احناف کے درمیان اختلاف اور دلیل ذکر کریں؟

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

۲۹۔ نکاح متعہ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا ہے اس مسئلہ میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں؟

۳۰۔ نکاح موقت سے کیا مراد ہے اس کا حکم کیا اور اس میں اور نکاح متعہ میں فرق کیا ہے اس مسئلہ میں کس امام کا کیا اختلاف ہے؟

۳۱۔ ایسی دو عورتیں جن میں سے ایک کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو جب دونوں سے ایک ہی عقد میں نکاح کرے تو اس نکاح کا کیا حکم ہوگا تفصیل سے ذکر کریں؟

۳۲۔ اگر کسی عورت نے دعویٰ کیا وہ فلاں شخص کی بیوی ہے اور اس نے اس سے نکاح کیا ہے تو قاضی فیصلہ کیا کرے اور کیوں؟

۳۳۔ ولی کسے کہتے ہیں کیا بالغہ عاقلہ لڑکی ولی کی اجازت کے بغیر اپنا نکاح کرسکتی ہے اس مسئلہ میں ائمہ احناف امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا موقف مع اختلاف ودلائل ذکر کریں؟

۳۴۔ کیا بالغہ کنواری لڑکی کا نکاح اس کا ولی زبردستی کے ساتھ کرسکتا ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف اور حنفی شافعی دلائل واضح کریں؟

۳۵۔ کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے تو اس کی اجازت کا کیسے علم ہوگا نیز ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کی اجازت کس طرح معتبر ہوگی۔

۳۶۔ اگر ولی کا غیر یا دور کا ولی اجازت طلب کرے تو کس صورت میں اسے اجازت قرار دیا جائے گا۔

۳۷۔ اگر نکاح کرتے وقت مہر مقرر نہ کیا جائے، تو کیا نکاح ہو جائے گا اور کیوں؟

۳۸۔ باکرہ (کنواری) لڑکی وہ ہوتی ہے جس کا پردہ بکارت زائل نہ ہو، اگر اچھلنے کودنے یا کسی اور وجہ سے پردہ بکارت زائل ہو جائے تو کیا پھر وہ بھی کنواری شمار ہوگی اس مسئلہ میں ائمہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں اور شبہ کے ساتھ باکرہ سے وطی ہوئی تو کیا حکم ہوگا وہ کنواری شمار ہوگی؟

۳۹۔ اگر نکاح کے بارے میں مرد اور عورت کے درمیان اختلاف ہو جائے اور عورت کہے میں نے خبر ملنے پر انکار کیا مرد کہے تو نے قبول کیا تھا تو کیا حکم ہوگا؟

اس مسئلہ میں امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف کیا ہے دونوں طرف کے دلائل بھی ذکر کریں۔

۴۰۔ اگر نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح کیا جائے تو اس کا کیا حکم ہوگا امام مالک اور شافعی رحمہما اللہ کا کیا موقف ہے ان کے دلائل اور احناف کا جواب بھی ذکر کریں؟

۴۱۔ نابالغ لڑکے اور لڑکی کا نکاح کر دیا گیا بالغ ہونے کے بعد ان کو ایک اختیار ملتا ہے اس اختیار کو کیا کہتے ہیں کون نکاح کرے تو اختیار نہیں ہوگا اور کس کے نکاح کرنے سے اختیار ہوگا وہ بھی بتائیں اور تینوں بزرگ ائمہ احناف

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

کا اختلاف بھی ذکر کریں۔

۴۲۔ خیار بلوغ میں قاضی کا فیصلہ شرط ہے جب کہ خیار عتق میں شرط نہیں فرق کی وجہ بتائیں۔

۴۳۔ بالغ ہونے کے بعد لڑکی کا خیار بلوغ کب تک باقی رہتا ہے اور لڑکے کا خیار بلوغ کب تک ہوتا ہے تفصیل سے بتائیں؟

۴۴۔ خیار بلوغ کے نتیجے میں علیحدگی طلاق کیوں نہیں ہوتی وجہ ذکر کریں؟

۴۵۔ نابالغ میاں بیوی میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے تو وراثت کا کیا حکم ہوگا؟

۴۶۔ وہ کون کون لوگ ہیں جن کو ولایت یعنی تصرف کا حق نہیں ہوگا اور کیوں؟ کافر کی ولایت کے بارے میں قرآنی آیات سے دلیل پیش کریں؟

۴۷۔ عصبات میں کن کن لوگوں کو ولایت حاصل ہے ترتیب بھی ذکر کریں نیز عصبات کے علاوہ کن کن رشتہ داروں کو نکاح کر کے دینے کی ولایت حاصل ہوتی ہے؟
تین بزرگ ائمہ احناف کا موقف دلائل ذکر کریں۔

۴۸۔ جب قریبی ولی نہ ہو تو دور کا ولی نکاح کر سکتا ہے اس مسئلہ میں امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف بھی مع دلیل نقل کریں؟

۴۹۔ غیبت منقطعہ کسے کہتے ہیں اور اس کی تفصیل کیا ہے؟

۵۰۔ عورت کا باپ اور بیٹا موجود ہو تو نکاح کا حق کیسے اور کیوں ہوگا؟

۵۱۔ کفو کسے کہتے ہیں اور نکاح میں کفو کے معتبر ہونے پر حدیث شریف اور عقلی دلیل پیش کریں؟

۵۲۔ کفو میں کن اُمور کا اعتبار ہوگا، قریش اور دیگر اہل عرب کے حوالے سے بتائیں؟

۵۳۔ عجمیوں میں کفو کے حوالے سے کن کن اُمور کا لحاظ رکھا جاتا ہے؟

۵۴۔ عجمیوں میں اسلام اور آزادی کے اعتبار سے کفو کی تفصیل اور ائمہ احناف کے درمیان اختلاف ذکر کریں؟

۵۵۔ دین داری سے کیا مراد ہے اور کفو میں دین داری کے حوالے سے شیخین اور امام محمد رحمہما اللہ کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

۵۶۔ کفو میں مال اور خوشحالی دونوں کا اعتبار ہوتا ہے دونوں کے درمیان فرق اور ائمہ کا موقف واضح کریں؟

۵۷۔ کفو میں پیشے کا اعتبار کیوں کیا جاتا ہے اس میں اختلاف کیا ہے؟

۵۸۔ اگر لڑکی خود اپنا نکاح کرے اور مہر مثل سے کم رکھے تو اس کے اولیاء اعتراض کر سکتے ہیں اور کس صورت میں ان کو اعتراض کا حق ہے؟

۵۹۔ جو شخص لڑکی کا ولی ہو (مثلاً چچا زاد) وہ خود اس سے نکاح کرنا چاہتا ہے اور لڑکی اسے وکیل بناتی ہے تو کیا یہ جائز ہے؟
جب کہ بیع میں ایک ہی شخص دونوں طرف کے معاملات طے نہیں کر سکتا فرق کی وجہ کیا ہے؟

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

۶۰۔ اگر ایجاب وقبول کی محفل مختلف ہو تو نکاح ہو جائے گا یا نہیں اگر لڑکا انگلینڈ میں ہو اور ٹیلی فون کے ذریعے قبول کرے تو کیا حکم ہے؟

۶۱۔ فضولی کسے کہتے ہیں اور اگر ایک شخص دونوں طرف سے فضولی ہو سکتا ہے یا نہیں اسی طرح اگر ایک طرف سے فضولی اور دوسری طرف سے اصیل ہو تو کیا حکم ہوگا؟

۶۲۔ دونوں طرف سے الگ الگ فضولی یا ایک طرف سے فضولی اور دوسری طرف سے اصیل ہو تو یہ نکاح جائز ہے؟ ائمہ کے دلائل ذکر کریں؟

۶۳۔ اگر وکیل موکل کی ہدایت کے خلاف نکاح کر دے تو اس کی صورت کیا ہوگی اور حکم کیا ہوگا؟

۶۴۔ اگر حاکم نے نکاح کا وکیل بنایا اور کہا کسی عورت سے میرا نکاح کرا دو، اس نے لونڈی سے نکاح کرا دیا تو اس میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین کا باہم اختلافی موقف دلائل سے بیان کریں؟

۶۵۔ مہر نکاح میں شرط ہے یا محض لازم ہے اور کیا مہر کے ذکر کے بغیر نکاح ہو جاتا ہے یا نہیں اور مہر شریعت کا حق ہے یا عورت کا، تفصیل سے بتائیں؟

۶۶۔ مہر کی کم از کم مقدار کتنی ہے احناف اور شوافع کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

۶۷۔ اگر دس درہم سے کم مہر مقرر ہوا تو کیا حکم ہوگا اور اگر دس درہم مہر مقرر ہوا اور جماع سے پہلے طلاق دی تو کیا دینا ہوگا۔ پانچ درہم یا متعہ، امام زفر رحمہ اللہ کا موقف اور دیگر تین ائمہ کا موقف مع دلائل ذکر کریں۔

۶۸۔ کن صورتوں میں مقررہ مہر پکا ہو جاتا ہے اور ادا کرنا پڑتا ہے اور کس صورت میں آدھا مہر دینا ہوتا ہے آیات قرآنیہ ذکر کریں؟

۶۹۔ مہر مثل کسے کہتے ہیں اور یہ کب دینا ہوتا ہے اور اگر جماع سے پہلے طلاق دے اور مہر مقرر نہ ہو تو متعہ دینا ہوگا متعہ کی تفصیل بتائیں؟

۷۰۔ اگر نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا بعد میں میاں بیوی ایک مقدار پر راضی ہو گئے۔ تو جماع یا موت کی صورت میں کیا حکم ہوگا اور جماع سے پہلے طلاق کی صورت میں کیا دینا ہوگا امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا پہلا قول اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مسلک کیا ہے؟

۷۱۔ خلوت صحیحہ کسے کہتے ہیں اور خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دی تو کتنا مہر دینا ہوگا اور عدت کا کیا حکم ہوگا امام شافعی رحمہ اللہ کا کیا موقف ہے اس کی وجہ بھی بیان کریں؟

۷۲۔ خلوت صحیحہ میں کیا کیا باتیں رکاوٹ بنتی ہیں؟

۷۳۔ مجبوب اور عنین کسے کہتے ہیں ان کی خلوت صحیحہ کا کیا حکم ہے؟

۷۴۔ مطلقہ عورت کو متعہ (تین کپڑے دینا) کب مستحب ہے اور کس صورت میں واجب ہے؟

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

۷۵۔ نکاح شغار کی تعریف کریں اور اس کا حکم بتائیں؟ اس سلسلے میں حنفی شافعی اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

۷۶۔ کیا مال کے علاوہ کوئی چیز مہر بن سکتی ہے اگر تعلیم قرآن یا شوہر کا خدمت کرنا جو مقرر کیا تو کیا حکم ہوگا؟ اس سلسلے میں حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا کیا اختلاف ہے؟

۷۷۔ کیا عورت اپنا مہر وصول کر کے شوہر کو ہبہ کر سکتی ہے اگر اس صورت میں جماع سے پہلے طلاق دی تو کیا کرنا ہوگا؟

۷۸۔ اگر مہر کی رقم کسی چیز کے ساتھ مشروط ہو تو کیا حکم ہوگا جیسے ایک ہزار مہر مقرر ہوا کہ وہ اسے گھر سے باہر نہیں لے جائے گا اور اگر کہا کہ اگر باہر نہ لے جائے تو ایک ہزار اور لے جائے تو دو ہزار ہوگا ان صورتوں میں کیا حکم ہوگا؟

۷۹۔ مہر میں غیر معین جانور مقرر کیا یا کپڑا دینا مقرر ہوا لیکن اس کا وصف بیان نہ کیا تو کیا حکم ہوگا؟

۸۰۔ اگر مسلمان نے مہر میں شراب یا خنزیر مقرر کیا تو کیا حکم ہوگا؟

۸۱۔ اگر مٹکے کی طرف اشارہ کیا اور کہا یہ سرکہ دوں گا اور دیکھنے پر پتہ چلا کہ یہ شراب ہے تو کیا حکم ہوگا اس مسئلہ میں ائمہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

۸۲۔ اگر نکاح فاسد میں قاضی علیحدگی کرادے تو مہر کا کیا حکم ہوگا حضرت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کا موقف بھی ذکر کریں؟

۸۳۔ نکاح فاسد میں تفریق کے بعد عدت کا کیا حکم ہوگا اور بچے کے نسب کے بارے میں بھی وضاحت کیجیے؟

۸۴۔ مہر مثل کسے کہتے ہیں اور اس کا تعلق عورت کی کن رشتہ دار خواتین کے مہر سے ہوگا؟

۸۵۔ کیا مہر مثل میں ماں اور خالہ کا اعتبار ہو سکتا ہے تفصیل سے لکھیں؟

۸۶۔ مہر میں کن کن باتوں کا خیال رکھا جاتا ہے؟

۸۷۔ اگر لڑکی کا باپ یا کوئی دوسرا ولی مہر کا ضامن ہے تو کیا یہ درست ہے اگر یہ درست ہے تو کیا خاوند بری الذمہ ہو جائے گا وضاحت کریں؟

۸۸۔ کیا عورت مہر کی وصولی سے پہلے خاوند کو اپنے سے روک سکتی ہے اور اس مہر سے کون سا مہر مراد ہوگا، اس مسئلہ میں طرفین اور امام ابو یوسف (رحمہم اللہ) کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں؟

۸۹۔ اگر مہر کی وصولی سے پہلے عورت نے اپنے آپ کو مرد کے قریب کر دیا تو کیا اس کے بعد وہ اسے روک سکتی ہے اس میں ائمہ کے درمیان اختلاف کیا ہے؟

۹۰۔ اگر میاں بیوی کے درمیان مہر کی مقدار میں اختلاف ہو جائے تو عورت کا قول کس صورت میں قبول ہوگا اور مرد کا کس صورت میں؟

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف مع دلیل ذکر کریں اور طرفین کی دلیل بھی ذکر کریں؟

۹۱۔ اختلاف کی وہ کون سی صورت ہے جس میں بالاتفاق مہر مثل واجب ہوگا؟

۹۲۔ اگر میاں بیوی میں سے کوئی ایک یا دونوں فوت ہو جائیں اور ان کے ورثاء میں مہر کے بارے میں اختلاف ہو تو کیا

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

طریقہ اختیار کیا جائے؟

۹۳۔ میاں بیوی کے فوت کے بعد عورت کے ورثاء مہر کی وصولی کر سکتے ہیں لیکن اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان کچھ اختلاف ہے وضاحت کریں؟

۹۴۔ کوئی چیز تحفے میں بھیجی اور مرد نے کہا یہ مہر ہے اور عورت نے کہا تحفہ ہے تو کس کی بات مانی جائے گی اور کیوں مانی جائے گی؟ اور اگر کھانے کا سامان ہو تو اس کا حکم کیا ہوگا تفصیل مطلوب ہے؟

۹۵۔ اگر دو عیسائی مرد و عورت یا دو حربی باہم نکاح کریں اور مہر میں مردار مقرر کریں اور جماع سے پہلے طلاق ہو جائے یا مر جائے تو مہر کا کیا حکم ہوگا اس سلسلے میں ائمہ کا اتفاق ہے یا جزوی اختلاف؟ واضح کریں اور دلائل بھی نقل کریں۔

۹۶۔ ذمیہ عورت کو مہر مثل کب دیا جائے اور متعہ کب؟ امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ذکر کریں۔

۹۷۔ ذمی مرد اور عورت نے مہر میں شراب یا خنزیر پر مقرر کیا پھر وہ دونوں مسلمان ہو گئے تو کیا حکم ہوگا؟ امام اعظم اور صاحبین کے درمیان اختلاف کی نوعیت مع دلائل ذکر کریں۔

۹۸۔ کیا غلام یا لونڈی اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کر سکتے ہیں اور کیا مکاتب غلام کے لیے وہی حکم ہوگا جو عام غلام کا ہے اس سلسلے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف مع دلیل ذکر کریں؟

۹۹۔ اگر غلام نے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو مہر کون ادا کرے اور اس سلسلے میں مدبر اور مکاتب کے مہر کا حکم بھی واضح کریں؟

۱۰۰۔ آقا کی طرف نکاح کی اجازت کن الفاظ کے ساتھ ہوگی جب غلام پہلے بغیر اجازت نکاح کر چکا ہو؟

۱۰۲۔ آقا کی اجازت کے بغیر غلام نکاح فاسد کرے تو کیا حکم ہوگا؟

۱۰۳۔ عبد ماذون کسے کہتے ہیں اور اس کے نکاح کا حکم کیا ہے؟

۱۰۴۔ اگر آقا نے لونڈی کی شادی کرا دی تو کیا اس پر لازم ہے کہ اسے رہائش بھی دے یا خاوند کے ساتھ رہنے کی اجازت دے اس سلسلے میں تفصیلی احکام نقل کریں؟

جب آقا غلام یا لونڈی کا نکاح کرے تو ان کی رضا مندی ضروری ہے احناف اور شوافع کا اختلاف مع دلیل ذکر کریں۔

۱۰۵۔ آقا نے لونڈی کی شادی کے بعد اسے قتل کر دیا تو مہر کا کیا حکم ہوگا؟

اس مسئلہ میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف اور دلائل ذکر کریں۔

۱۰۶۔ عزل کسے کہتے ہیں اور لونڈی کا خاوند عزل کرنا چاہے تو اجازت کس سے لے گا آقا سے یا لونڈی سے؟ اختلاف ائمہ ذکر کریں۔

۱۰۷۔ خیار عتق کسے کہتے ہیں، کیا یہ اختیار لونڈی کو اس صورت میں ملے گا جب خاوند غلام ہو یا غلام اور آزاد کا فرق نہیں؟

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا کیا اختلاف ہے نیز اس خیار کی وجہ کیا ہے؟

۱۰۸۔ اگر لونڈی نے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا پھر اسے آزاد کیا گیا تو کیا اسے بھی خیار عتق حاصل ہوگا اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے؟

۱۰۹۔ کوئی شخص بیٹے کی لونڈی سے صحبت کرے تو اس کے احکام کیا ہوں گے اور اگر بیٹے کی لونڈی سے نکاح کرے تو کیا حکم ہوگا؟

۱۱۰۔ اگر غلام کی بیوی غلام کے آقا سے کہے کہ اسے میری طرف سے آزاد کرو تو کیا نکاح فاسد ہو جائے گا رقم کا ذکر کرے تو کیا حکم ہے اور نہ کرے تو کیا حکم ہے؟ طرفین اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

۱۱۱۔ کافر مرد نے گواہوں کے بغیر یا عورت کی عدت کے دوران نکاح کیا جو ان کے دین میں جائز ہے پھر دونوں نے اسلام قبول کیا تو کیا وہ نکاح برقرار رہے گا؟

اس سلسلے میں ائمہ احناف کے درمیان اختلاف تفصیلاً ذکر کریں۔

۱۱۲۔ مجوسی (آگ کی پوجا کرنے والا) اپنی ماں یا بیٹی سے نکاح کرے پھر اسلام قبول کرے تو اس نکاح کا کیا حکم ہوگا؟

۱۱۳۔ مرتد کسی کے ساتھ نکاح نہیں کر سکتا اس کی وجہ بتائیں؟ اسی طرح مرتدہ کا حکم بھی ذکر کریں۔

۱۱۴۔ اگر مسلمان، ذمیہ عورت سے نکاح کرے تو اولاد کس کے تابع ہوگی اور اگر مرد اور عورت میں سے ایک کتابی اور دوسرا مجوسی ہو تو اولاد کا کیا حکم ہوگا؟ دونوں صورتوں میں وجہ بھی ذکر کریں۔

۱۱۵۔ کافر مرد کی کافرہ عورت مسلمان ہو جائے تو نکاح کا کیا حکم ہوگا؟ اس سلسلے میں ائمہ احناف کیا فرماتے ہیں اور امام شافعی کا کیا موقف ہے مع دلائل ضرور نقل کریں۔

۱۱۶۔ اگر کوئی عورت دار الحرب میں مسلمان ہو جائے اور اس کا خاوند کافر ہو یا مجوسیہ عورت کا حربی خاوند مسلمان ہو جائے تو ان کے درمیان تفریق کی کیا صورت ہوگی؟

اس سلسلے میں احناف اور شوافع کا اختلاف ہے دلائل ذکر کریں۔

۱۱۷۔ کتابیہ عورت کا خاوند مسلمان ہو جائے تو نکاح برقرار رہے گا وجہ کیا ہے؟

۱۱۸۔ اگر میاں بیوی میں سے کوئی ایک مسلمان ہو کر دار الاسلام میں جائے تو ان کے درمیان تفریق ہو جائے گی یا نہیں؟ اسی طرح اگر کسی کو قید کر کے لایا جائے تو کیا حکم ہوگا؟ احناف اور شوافع کا اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

۱۱۹۔ اگر کوئی عورت دار الحرب سے ہجرت کر کے دار الاسلام میں آ جائے تو اس سے نکاح کرنے اور عدت کے حوالے سے کیا حکم ہوگا؟ امام ابو حنیفہ اور صاحبین کا موقف دلائل کے ساتھ ذکر کریں۔

۱۲۰۔ میاں بیوی میں کسی ایک کے مرتد ہو جانے سے جو تفریق ہوگی وہ طلاق ہوگی یا نہیں اور مہر کا کیا حکم ہوگا؟ شیخین اور امام محمد رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

۱۲۱۔ میاں بیوی اکٹھے مرتد ہوں پھر اکٹھے مسلمان ہو جائیں تو ان کے پہلے نکاح کا کیا حکم ہوگا؟

۱۲۲۔ اگر کسی شخص کی ایک سے زیادہ بیویاں ہوں تو ان کے پاس ٹھہرنے کے سلسلے میں باری مقرر کرنے میں کیا طریقہ اختیار کیا جائے کنواری اور ثیبہ میں فرق ہوگا یا مساوات؟ احادیث مبارکہ سے دلائل ذکر کریں۔

۱۲۴۔ محبت میں مساوات، جماع میں برابری اور سفر میں ساتھ لے جانے سے متعلق شرعی احکام کیا ہیں؟

۱۲۵۔ اگر کوئی خاتون اپنی باری اپنی سوکن کو ہبہ کرے تو ایسا ہو سکتا ہے اور کیا یہ لازم ہو جائے گا اور وہ اپنا حق واپس لے سکتی ہے یا نہیں؟ وضاحت کریں۔

۱۲۶۔ رضاعت کا کیا مطلب ہے اور بچہ کتنا دودھ پیے تو رضاعت ثابت ہوگی؟ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں۔

۱۲۷۔ رضاعت کتنی عمر تک دودھ پینے سے ثابت ہوتی ہے؟ اس سلسلے میں ائمہ کے اقوال مع دلائل ذکر کریں۔

۱۲۸۔ اگر مدت رضاعت کے بعد کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پیے تو حرمت ثابت ہوگی یا نہ؟ حدیث شریف اور عقلی دلیل ذکر کریں۔

۱۲۹۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا جو رشتے نسب سے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہوتے ہیں ان میں سے بعض ایسے رشتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں رضاعت سے نہیں؟ ہدایہ کی روشنی میں ان کی وضاحت کریں۔

۱۳۰۔ لبن الفحل سے کیا مراد ہے اور اس کے ساتھ حرمت کا تعلق کیوں ہوتا ہے جب کہ دودھ عورت پلاتی ہے؟ دلائل کے ساتھ ذکر کریں۔

۱۳۱۔ اگر عورت کے دودھ میں پانی مل جائے تو کیا حکم ہوگا یا عورت کا دودھ کھانے یا دوائی میں مل جائے تو کیا حکم ہوگا؟ تفصیلی جواب مطلوب ہے۔

۱۳۲۔ اگر دو عورتوں کا دودھ مل جائے تو حرمت کا کیا حکم ہوگا؟

۱۳۳۔ اگر کنواری لڑکی کا دودھ نکل آئے اور کوئی بچہ پی لے تو حرمت کا کیا حکم ہوگا؟

۱۳۴۔ عورت فوت ہوگئی اور اس کا دودھ نکال کر کسی بچے کو پلا دیا تو کیا حکم ہوگا؟ اس مسئلہ کا اختلاف اور دلائل ذکر کریں۔

۱۳۵۔ اگر پیشاب کے راستے سے نالی کے ذریعے بچے کو کسی عورت کا دودھ پہنچایا گیا تو کیا حرمت رضاعت ثابت ہوگی؟ اس مسئلہ میں امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قیاس اور اس کا جواب نقل کریں۔

۱۳۶۔ اگر مرد کا دودھ نکل آئے اور کوئی بچہ پی لے اسی طرح دو بچے ایک بکری کا دودھ پی لیں کیا تو کیا حکم ہوگا؟

۱۳۷۔ اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں ایک بڑی اور دوسری چھوٹی اور بڑی بیوی چھوٹی کو دودھ پلا دے تو اس کا حکم تفصیلاً ذکر کریں۔

۱۳۸۔ رضاعت کے بارے میں گواہی کا حکم بیان کریں اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف نقل کریں۔

Scanned with CamScanner

# امتحان کی تیاری کے لیے سوالات

(۱) طلاق کی تین قسمیں ہیں حسن، احسن اور بدعی ہیں ان تینوں کی وضاحت کریں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک ان میں سے کون سی طلاق مستحب تھی اور کیوں؟

(۲) کس طلاق میں حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف ہے اور ان کی دلیل اور احناف کی طرف سے جواب نقل کریں۔

(۳) طلاق بدعت کی کیا کیا صورتیں ہیں اور اس مسئلہ میں حنفی شافعی اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۴) سنت طلاق کی دو صورتیں ہیں وقت کے اعتبار سے اور عدد کے اعتبار سے ان کی وضاحت کریں اور امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف مع دلیل بتائیں۔

(۵) جس عورت کو حیض نہ آتا ہو اسے سنت طلاق دینے کا طریقہ کیا ہے۔

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari



(۶) عام طور پر مشہور ہے کہ حاملہ عورت کو طلاق نہیں ہوتی کیا یہ صحیح ہے نیز حاملہ عورت کو جماع کے بعد طلاق دینا جائز ہے اس کی وجہ بتائیں۔ حاملہ عورت کو سنت طلاق دینے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف ذکر کریں۔

(۷) حیض کی حالت میں طلاق کا کیا حکم ہے، کیا یہ طلاق واقع ہو جاتی ہے اس سلسلے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا واقعہ نقل کریں۔ اور کیا اس طلاق کے بعد رجوع مستحب ہے یا واجب؟ واجب ہے تو اس کی وجہ ذکر کریں۔

(۸) مدخول بہا حائضہ عورت کو کہا جائے تجھے سنت کے مطابق تین طلاقیں تو یہ طلاقیں کس طرح واقع ہوں گی اس سلسلے میں امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کیا فرماتے ہیں نیز جسے حیض نہ آتا ہو اسے یہ الفاظ کہے تو کیا حکم ہوگا۔

(۹) وہ کون کون سے لوگ ہیں جن کی طلاق واقع نہیں ہوتی اور کیوں؟

(۱۰) مکرہ (جسے مجبور کیا گیا) اس کی طلاق کا کیا حکم ہے اور اس سلسلے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف کیا ہے دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں۔

(۱۱) نشے والے آدمی کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں اس مسئلہ میں کس کا اختلاف ہے اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں نیز گونگے کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

(۱۲) لونڈی کی کل طلاقیں دو ہیں یا تین امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اختلاف کیا ہے ان کی پیش کردہ حدیث کا جواب اور احناف کی پیش کردہ حدیث نقل کریں۔ نیز عقلی دلیل بھی ذکر کریں۔

(۱۳) غلام شوہر اپنی بیوی کو خود طلاق دے گا یا اس کا آقا؟ وجہ بھی ذکر کریں۔

(۱۴) الفاظ کے اعتبار سے طلاق کی دو قسمیں صریح اور کنایہ ہیں ان کی وضاحت کریں اور چند کنایہ الفاظ ذکر کریں۔

(۱۵) عورت کے جسم یا کسی عضو کی طرف نسبت کر کے طلاق دینے کے بارے میں تفصیل بتائیں۔

(۱۶) اگر نصف طلاق یا تہائی طلاق دی تو کیا حکم ہوگا اور اگر کہے ایک سے دو تک یا ایک اور دو کے درمیان طلاق، تو اس کا حکم کیا ہو گا۔ امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف بھی بتائیں۔

(۱۷) اگر طلاق کی نسبت فاصلے کی طرف کی جائے یا جگہ کی طرف کی جائے تو کیا حکم ہوگا۔

(۱۸) اگر زمانے کی طرف نسبت کی جائے مثلاً کہے تجھے کل آئندہ طلاق وغیرہ تو حکم کیا ہوگا اور اگر کل گزشتہ کی طرف نسبت کی تو کیا

Scanned with CamScanner

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari



(۶) عام طور پر مشہور ہے کہ حاملہ عورت کو طلاق نہیں ہوتی کیا یہ صحیح ہے نیز حاملہ عورت کو جماع کے بعد طلاق دینا جائز ہے اس کی وجہ بتائیں۔ حاملہ عورت کو سنت طلاق دینے میں امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف ذکر کریں۔

(۷) حیض کی حالت میں طلاق کا کیا حکم ہے، کیا یہ طلاق واقع ہو جاتی ہے اس سلسلے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا واقعہ نقل کریں۔ اور کیا اس طلاق کے بعد رجوع مستحب ہے یا واجب؟ واجب ہے تو اس کی وجہ ذکر کریں۔

(۸) مدخول بہا حائضہ عورت کو کہا جائے تجھے سنت کے مطابق تین طلاقیں تو یہ طلاقیں کس طرح واقع ہوں گی اس سلسلے میں امام زفر رحمہ اللہ کیا فرماتے ہیں نیز جسے حیض نہ آتا ہو اسے یہ الفاظ کہے تو کیا حکم ہوگا۔

(۹) وہ کون کون سے لوگ ہیں جن کی طلاق واقع نہیں ہوتی اور کیوں؟

(۱۰) مکرہ (جسے مجبور کیا گیا) اس کی طلاق کا کیا حکم ہے اور اس سلسلے میں امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف کیا ہے دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں۔

(۱۱) نشے والے آدمی کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں اس مسئلہ میں کس کا اختلاف ہے اختلاف اور دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں نیز گونگے کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

(۱۲) لونڈی کی کل طلاقیں دو ہیں یا تین امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف کیا ہے ان کی پیش کردہ حدیث کا جواب اور احناف کی پیش کردہ حدیث نقل کریں۔ نیز عقلی دلیل بھی ذکر کریں۔

(۱۳) غلام شوہر اپنی بیوی کو خود طلاق دے گا یا اس کا آقا؟ وجہ بھی ذکر کریں۔

(۱۴) الفاظ کے اعتبار سے طلاق کی دو قسمیں صریح اور کنایہ ہیں ان کی وضاحت کریں اور چند کنایہ الفاظ ذکر کریں۔

(۱۵) عورت کے جسم یا کسی عضو کی طرف نسبت کر کے طلاق دینے کے بارے میں تفصیل بتائیں۔

(۱۶) اگر نصف طلاق یا تہائی طلاق دی تو کیا حکم ہوگا اور اگر کہے ایک سے دو تک یا ایک اور دو کے درمیان طلاق، تو اس کا حکم کیا ہو گا۔ امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف بھی بتائیں۔

(۱۷) اگر طلاق کی نسبت فاصلے کی طرف کی جائے یا جگہ کی طرف کی جائے تو کیا حکم ہوگا۔

(۱۸) اگر زمانے کی طرف نسبت کی جائے مثلاً کہے تجھے کل آئندہ طلاق وغیرہ تو حکم کیا ہوگا اور اگر کل گزشتہ کی طرف نسبت کی تو کیا حکم ہوگا۔

(۱۹) طلاق کی نسبت شادی سے پہلے کی طرف کرنے کی کیا صورت ہوگی اور شادی کرنے سے طلاق کو مشروط کرنا کیسا ہے اور اس صورت میں طلاق کب ہوگی۔

(۲۰) کیا عورت کی طرف سے طلاق ہو سکتی ہے مثلاً مرد کہے کہ ''میں تجھ سے طلاق والا ہوں'' تو کیا حکم ہوگا اور اگر کہے کہ میں تجھ پر حرام یا تجھ سے جدا ہوں تو کیا حکم ہوگا اور اس سلسلے میں نیت کی کیا حیثیت ہوگی اگر ائمہ کا اختلاف ہے تو اسے واضح کریں۔

(۲۱) اگر خاوند طلاق دیتے ہوئے انگلیوں سے اشارہ کرے تو طلاق کی کیا صورت ہوگی تفصیلی طور پر بیان کریں۔

(۲۲) طلاق کو شدت یا سختی کے ساتھ موصوف کیا تو کون سی طلاق واقع ہوگی مثلاً اَنْتِ طَالِقٌ بَائِنٌ کہا، اس سلسلے میں حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا کیا اختلاف ہے دونوں طرف کے دلائل ذکر کریں۔ اس سلسلے میں دیگر کون سے الفاظ کتاب میں مذکور ہیں۔

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari
Scanned with CamScanner

(۲۳) جب طلاق کو کسی چیز سے تشبیہ دی جائے تو کون سی طلاق واقع ہوگی اور اس سلسلے میں ائمہ احناف کا اختلاف ذکر کریں۔
(۲۴) غیر مدخول بہا بیوی کو طلاق دینے کی مختلف صورتیں اور ان کے احکام بیان کریں۔
(۲۵) طلاق دیتے ہوئے لفظ ''قبل'' اور لفظ ''بعد'' استعمال کیا تو اس کی مختلف صورتیں اور ان کے احکام ذکر کریں۔
(۲۶) مشروط طلاق میں شرط کا ذکر پہلے کیا یا بعد میں کیا تو دونوں کے حکم میں فرق کی وضاحت کریں۔
(۲۷) طلاق کے لئے کنایہ الفاظ کے استعمال سے کون سی طلاق واقع ہوتی ہے اور اس سلسلے میں چند صورتیں ذکر کی گئی ہیں ان کی وضاحت کریں۔
(۲۸) کنایہ الفاظ کے ساتھ طلاق دیتے وقت نیت کب ضروری ہوتی ہے اور کیوں؟
(۲۹) کنایات کی بنیادی تین اقسام بیان کی گئی ہیں ان کی وضاحت کریں اور ہر ایک کے احکام بتائیں۔
(۳۰) اگر خاوند اپنی بیوی کو طلاق کا اختیار دے اور طلاق کی نیت کرے تو اس کے لئے کیا کیا امور ضروری ہیں یعنی مجلس کے اعتبار سے لفظ نفس کے استعمال کے حوالے سے، نیز طلاق کون سی واقع ہوگی۔
(۳۱) اگر خاوند تین مرتبہ کے اِخْتَارِیْ اِخْتَارِیْ اِخْتَارِیْ اور عورت تینوں اختیارات کو قبول کرے تو حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین کے درمیان اختلاف اور دلائل ذکر کریں۔ اور اگر وہ اِخْتَرْتُ نَفْسِیْ اِخْتِیَارَۃً کہے تو کیا حکم ہوگا۔
(۳۲) عورت کو اختیار کب تک باقی رہے گا دلیل کے ساتھ ذکر کریں۔
(۳۳) طلاق کا اختیار دینے کے بعد کیا شوہر اس اختیار سے رجوع کر سکتا ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں؟
(۳۴) کسی دوسرے شخص کو طلاق دینے کا وکیل بنایا جا سکتا ہے یا نہیں اور کیا یہ اختیار مجلس تک محدود ہوگا اور اگر وہ وکیل بناتے وقت یہ کہے کہ اگر تو چاہے تو اب کیا حکم ہوگا۔ اس سلسلے میں امام زفر رحمہ اللہ کا موقف کیا ہے۔
(۳۵) مرد نے عورت کو تین طلاقوں کا اختیار دیا اس نے ایک طلاق دی تو کیا حکم ہوگا اور اگر اس کے برعکس ہو یعنی ایک کا اختیار دیا اور اس نے تین دیں تو اس کے حکم میں امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان کیا اختلاف ہے۔
(۳۶) اگر مرد اپنی بیوی سے کہے: اَنْتِ طَالِقٌ کُلَّمَا شِئْتِ یا کہے: حَیْثُ شِئْتِ یا اَیْنَ شِئْتِ تو ان صورتوں میں طلاق کی کیا صورت ہوگی۔
(۳۷) اگر کسی عورت سے کہا کہ اگر میں تجھ سے نکاح کروں تو تجھے طلاق ہے تو اس صورت میں امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کا اختلاف مع دلیل ذکر کریں۔
(۳۸) الفاظ شرط کون کون سے ہیں اور اگر ان کے ساتھ طلاق کی شرط کو ذکر کیا تو کیا حکم ہوگا۔
(۳۹) کیا شرط ذکر کرنے کے بعد طلاق دے دے تو شرط ختم ہو جائے گی یا باقی رہے اور کب نافذ ہوگی۔
(۴۰) اگر شرط کے پائے جانے میں مرد اور عورت کے درمیان اختلاف ہو جائے تو کس کی بات معتبر ہوگی تفصیلی جواب ذکر کریں۔
(۴۱) طلاق کی شرط اس وقت پائی جائے جب عورت مرد کے نکاح میں ہو یا بعد میں پائی جائے یا بعض ملکیت میں اور بعض ملکیت سے بعد پائی جائے تو ان صورتوں میں طلاق کا حکم کیا ہوگا مسائل کے ساتھ واضح کریں۔
(۴۲) طلاق دیتے ہوئے ان شاء اللہ کہا تو کیا طلاق ہو جائے گی اس کی صورت بیان کریں اور اپنے موقف پر نقلی دلیل (حدیث

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

شریف) اور عقلی دلیل ذکر کریں۔

(۴۳) طلاق دیتے ہوئے حرف استثناء (ان شاء اللہ) کہنے سے پہلے بیوی انتقال کر جائے تو کیا حکم ہے اور اگر طلاق میں حرف استثناء (الا) ذکر کرے تو کیا حکم ہے اس کی وجہ بھی بیان کریں۔

(۴۴) مریض کی طلاق کے سلسلے میں عورت کی وراثت کے احکام ہیں مریض سے کون سا مریض مراد ہے نیز اس حالت میں طلاق کی صورت میں اس کے مرنے کے بعد عورت کس صورت میں وارث ہوگی اور کب وارث نہیں ہوگی اور وارث ہونے کی وجہ کیا ہے۔

(۴۵) اگر کوئی شخص مرض الموت میں بیوی کے لئے قرض کا اقرار کرے یا اس کے لئے وصیت کرے پھر مر جائے تو کیا حکم ہوگا اس سلسلے میں حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۴۶) قریب المرگ شخص قیدی ہو یا جہاد میں ہو اور بیوی کو طلاق دے پھر وہ قتل ہو جائے یا قصاص میں قتل کیا جائے تو اس کی بیوی وارث ہوگی یا نہیں تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(۴۷) آدمی صحت مند تھا کہ بیوی کو مشروط طلاق دی اور جب وہ مرض الموت میں تھا کہ شرط پائی گئی اور اسے طلاق ہو گئی تو کیا وہ اس کی وارث ہوگی اور بیماری کی حالت میں شرط کا ذکر کیا تو کیا حکم ہوگا۔

(۴۸) اگر مرد نے حالت مرض میں تین طلاقیں دیں پھر تندرست ہوا اور فوت ہوا تو وہ وارث ہوگی یا نہیں حضرت امام زفر رحمہ اللہ کیا فرماتے ہیں دونوں طرف کے دلائل بھی ذکر کریں۔

(۴۹) اگر طلاق دی پھر وہ عورت معاذ اللہ مرتد ہو گئی پھر اسلام لائی اس کے بعد خاوند بیماری کی حالت میں مر گیا اور عورت عدت گزار رہی تھی تو وارث نہیں ہوگی اور اگر مرتد نہیں ہوئی بلکہ خاوند کے (دوسری بیوی سے) بیٹے سے حرام کاری کراتی تو وارث ہوگی فرق کی وجہ بتائیں۔

(۵۰) عورت کو کون سی طلاق دینے کے بعد رجوع ہو سکتا ہے کتنی طلاقوں کے بعد رجوع ہو سکتا ہے اور کب تک ہو سکتا ہے۔

(۵۱) رجوع کرنے کا طریقہ احناف کے نزدیک کیا ہے حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا کیا اختلاف ہے دونوں طرف کے دلائل بھی ذکر کریں۔

(۵۲) رجوع پر گواہ بنانے کی شرعی حیثیت کیا ہے واجب ہے یا مستحب احناف، حضرت امام شافعی اور حضرت امام مالک کا قول بتائیں ان کی دلیل اور احناف کا جواب نقل کریں۔

(۵۳) اگر خاوند کہے کہ میں نے رجوع کر لیا اور عورت کہے میری عدت ختم ہو گئی ہے تو کیا حکم ہوگا حضرت امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کا اختلاف اور دلیل ذکر کریں۔

(۵۴) رجوع کا حق ختم ہونے کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(۵۵) اگر مرد عورت اکٹھے ہوں اور کمرے کا دروازہ بند ہو جسے خلوت صحیحہ کہتے ہیں اور مرد جماع کا انکار کرے پھر اسے طلاق دے تو رجوع کا حق ہوگا یا نہیں نیز اسے مہر دینے کا حکم کیا ہوگا دلیل کے ساتھ جواب دیں۔

(۵۶) کیا عدت کے دوران عورت زیب و زینت اختیار کر سکتی ہے اگر کر سکتی ہے تو اس کی وجہ کیا ہے؟ اس سلسلے میں طلاق رجعی اور طلاق بائن دونوں کا حکم ایک جیسا ہے یا فرق ہے۔

Scanned with CamScanner

(۵۷) عدت کے دوران مرد کے لئے عورت کے پاس جانا یا اسے سفر پر لے جانا کیسا ہے اس مسئلہ میں ائمہ کے درمیان اختلاف اور دلائل ذکر کریں۔

(۵۸) طلاق رجعی کی عدت میں مرد عورت سے صحبت کر سکتا ہے یا نہیں حنفی شافعی اختلاف سے دلائل نقل کریں۔

(۵۹) طلاق بائن کی صورت میں عورت اپنے (پہلے) خاوند کے لئے دوبارہ کیسے حلال ہو سکتی ہے۔

(۶۰) عدت کے دوران پہلا خاوند دوبارہ نکاح کر سکتا ہے اگر طلاق بائن ہو دوسرا آدمی نکاح نہیں کر سکتا فرق کی وجہ کیا ہے؟

(۶۱) تین طلاقوں کے بعد عورت پہلے خاوند کے لئے کب حلال ہو سکتی ہے اس عمل کا نام کیا ہے اور اس کی کیفیت کیا ہے اس سلسلے میں قرآنی آیت بطور دلیل ذکر کریں۔

(۶۲) حلالہ کے لئے دوسرے خاوند کا صحبت کرنا شرط ہے جبکہ قرآن پاک میں صرف نکاح کا ذکر ہے تفصیلاً وضاحت کریں۔

(۶۳) حلالہ کی شرط پر نکاح کرنا کیسا ہے جبکہ حدیث شریف میں حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے کیا جائے دونوں پر لعنت بھیجی گئی ہے کیا اس شرط پر نکاح ہو جائے گا ائمہ کا موقف تفصیلاً مع دلائل ذکر کریں۔

(۶۴) حلالہ کے بعد عورت پہلے خاوند کے پاس تین طلاقوں کے ساتھ واپس آئے گی یا پہلے سے باقی کے ساتھ؟ اس سلسلے میں ائمہ ثلاثہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۶۵) ایلاء کا لغوی اور اصطلاحی معنی بتائیں قرآن پاک سے اس کا حوالہ دیں اور اس کا شرعی حکم ذکر کریں۔ اس میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا کیا اختلاف ہے۔ ان کی دلیل اور ہمارا جواب ذکر کریں۔

(۶۶) ایلاء کی مدت کتنی ہے اگر اس دوران جماع کرے تو کیا حکم ہوگا اور نہ کرے اور مدت پوری ہو جائے تو کیا حکم ہوگا۔

(۶۷) عورت کو طلاق رجعی دی اور عدت کے دوران ایلاء کیا تو کیا ایلاء ہو جائے گا؟ اور اگر طلاق بائن دی اور ایلاء کیا تو کیا حکم ہوگا دونوں کا حکم واضح کریں۔

(۶۸) ایلاء والا شخص جسے مولی کہا جاتا ہے جماع کے ذریعے رجوع کرتا ہے لیکن اگر جماع پر قادر نہ ہو تو ایلاء کیسے ہوگا جماع پر قادر نہ ہونے کی صورتیں بھی بتائیں۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف بھی بتائیں اور دونوں طرف کے دلائل بھی ذکر کریں۔

(۶۹) اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ تو مجھ پر حرام ہے تو کیا طلاق ہو جائے گی؟ کس صورت میں ہوگی اور کس صورت میں نہیں ہوگی اور اگر ہوگی تو کون سی طلاق ہوگی۔

(۷۰) خلع کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ بیان کریں اس کا طریقہ بتائیں اور خلع سے کون سی طلاق واقع ہوگی۔

(۷۱) خلع کا عوض لینا مرد کے لئے کس صورت میں مکروہ ہے ارشاد خداوندی سے استدلال کریں اور کیا مہر سے زیادہ لینا جائز ہے یا ناجائز، حدیث شریف کے حوالے سے بیان کریں۔

(۷۲) خلع میں عوض باطل کب ہوتا ہے اور اس صورت میں خاوند کو کچھ ملے گا یا نہیں نیز طلاق ہو جائے گی یا نہیں نیز بتائیں کہ خلع میں کون سی چیز عوض ہو سکتی ہے۔

(۷۳) عورت نے مال کے بدلے میں طلاق کا مطالبہ کیا تو کیا طلاقوں کے حساب سے رقم کی ادائیگی ہوگی یا کیا صورت ہوگی اس سلسلے میں اگر بالف ہزار کے بدلے میں "علی الف" کہے تو امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان کیا اختلاف ہے نیز

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

طلاق کون سی واقع ہوگی۔

(۷۴) اگر مرد نے کہا تجھے ایک ہزار کے بدلے طلاق ہے لیکن یا کہا تجھے تین دن کا اختیار ہے تو کیا اختیار باطل ہوگا امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف مع دلائل بیان کریں۔

(۷۵) مبارات کی تعریف ذکر کریں اور اسے خلع کی طرح قرار دینے کی وجہ بتائیں نیز اس سلسلے میں تینوں ائمہ احناف کا مؤقف دلائل کے ساتھ ذکر کریں۔

(۷۶) باپ نے نابالغ بچی کی طرف سے اس کے مال سے خلع کیا تو کیا حکم ہے اور اگر رقم اپنے ذمے لے تو کیا حکم ہوگا اور اس سلسلے میں عورت کی قبولیت کی حیثیت ہے۔

(۷۷) ظہار کسے کہتے ہیں اس کی تفصیلی وضاحت کریں کیا ظہار سے عورت ہمیشہ کے لئے حرام ہو جاتی ہے یا کب تک حرام ہوتی ہے۔ ظہار کے بارے میں قرآنی آیت مع ترجمہ نقل کریں۔

(۷۸) محرم عورت کے کن کن اعضاء بیوی کو تشبیہ دینے سے ظہار ہوتا ہے ان اعضاء کا ذکر کریں اور ظہار کی وجہ بیان کریں اس سلسلے میں شیخین اور امام محمد رحمہم اللہ کے درمیان اختلاف کی وضاحت کریں۔

(۷۹) اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے کہ تو مجھ پر میری ماں کی طرح ہے تو اس سے کیا واقع ہوگا کیا اس میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے؟ اگر ہے تو اس کی وضاحت کریں۔

(۸۰) اگر بیوی کو ماں کی طرح حرام کہے تو ظہار ہوگا یا طلاق یا کچھ نہیں ہوگا تفصیلی جواب مطلوب ہے۔ اس سلسلے میں تینوں ائمہ احناف کا مؤقف مختلف ہے اس کی وضاحت کریں۔

(۸۱) وہ کون کون سی صورتیں ہیں جن میں ظہار باطل ہو جاتا ہے اور کیوں؟ اس سلسلے میں قرآنی آیت سے راہنمائی حاصل کریں۔

(۸۲) اگر اپنی تمام بیویوں کو ایک ہی جملہ میں ماں کی پیٹھ کی طرح قرار دے تو کیا سب سے ظہار ہوگا اس کی وجہ بھی بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ کفارہ ایک ہوگا یا زیادہ؟

(۸۳) ظہار کا کفارہ کیا کیا کام ہیں پھر کیا ان میں اختیار ہے یا عدم استطاعت کی وجہ سے دوسرے عمل کی طرف منتقل ہوگا اور کیا کفارہ ادا کرنے سے پہلے یا اس کے درمیان جماع کر سکتا ہے تفصیل بتائیں۔

(۸۴) کفارے کے روزوں کے درمیان جماع کیا تو کیا نئے سرے سے روزے رکھنا شروع کرے؟ طرفین (حضرت امام ابوحنیفہ اور حضرت امام محمد) اور حضرت امام ابو یوسف (رحمہم اللہ) کے درمیان اختلاف اور اس کی وجہ بتائیں۔

(۸۵) اگر کفارہ کھانا کھلانے کی صورت میں ہو تو کتنے مسکینوں کو کھلائے گا اور اگر کھلانے کی جگہ ان کو دینا ہو تو کیا طریقہ ہوگا۔

(۸۶) اگر ایک مسکین کو ساٹھ دن کا کھانا دے تو کون سا طریقہ جائز ہے اور ادائیگی ہو جائے گی اور کس صورت میں ادائیگی نہیں ہوگی۔

(۸۷) لعان کا کیا معنیٰ ہے یہ کب ہوتا ہے اور اس کا طریقہ کیا ہے اور یہ کس کس کے درمیان ہوتا ہے۔

(۸۸) لعان کے لئے عورت کا مطالبہ کرنا شرط ہے کیوں؟ نیز لعان کے بعد عورت مرد کے درمیان رشتہ باقی رہے گا یا نہیں؟

(۸۹) کون سے خاوند یا عورت کے درمیان لعان نہیں ہو سکتا اور اس کی وجہ کیا ہے۔

(۹۰) اگر خاوند، بچے کی نفی کرے اور اس وجہ سے لعان ہو تو بچے کے نسب اور اس کے مستقبل کا کیا ہوگا اس سلسلے میں حدیث

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

Scanned with CamScanner

شریف ذکر کریں۔

(۹۱) عورت کے حمل کی نفی پر لعان ہوگا یا نہیں اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔

(۹۲) خاوند پیدا ہونے والے بچے کی اپنے آپ سے نفی کرے تو کب تک یہ صحیح ہوگی اسی طرح اگر ایک ہی حمل سے دو بچے آگے پیچھے پیدا ہوں تو نفی کس صورت میں معتبر ہوگی۔

(۹۳) عِنِّین کسے کہتے ہیں اگر عورت اس سے تفریق کا مطالبہ کرے تو قاضی کیا عمل کرے گا اور یہ تفریق کون سی طلاق ہوگی اس مسئلہ میں امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف کیا ہے۔

(۹۴) عِنِّین کی بیوی کو خلوت صحیحہ کے بعد مہر ملے گا یا نہیں اور عدت کا کیا حکم ہوگا اگر جماع کے سلسلے میں مرد اور عورت کے درمیان اختلاف ہو جائے تو کیا حکم ہوگا۔

(۹۵) اگر بیوی میں عیب ہو تو شوہر کو اختیار نہیں ہوگا اس سلسلے میں امام شافعی رحمہ اللہ کیا فرماتے ہیں۔

(۹۶) وہ کون کون سے عیب ہیں جو مرد میں پائے جائیں تو عورت کو علیحدگی کا اختیار ہوگا اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہ اللہ کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۹۷) مجبوب کسے کہتے ہیں اور اس کا شرعی حکم کیا ہے؟

(۹۸) طلاق یافتہ عورت کی عدت کتنے حیض ہیں قرآن پاک کی آیت ذکر کریں اگر عورت کو حیض نہ آتا ہو یا حاملہ ہو تو عدت کس طرح گزارے گی۔

(۹۹) لفظ قروء سے کیا مراد ہے امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک طہر مراد ہمارے نزدیک حیض مراد ہے ہماری دلیل کیا اور امام شافعی رحمہ اللہ کے موقف سے کیا خرابی لازم آتی ہے۔

(۱۰۰) بیوہ عورت کی عدت وفات کتنی مدت ہے دلیل کے ساتھ ذکر کریں نیز اگر وہ حاملہ بھی ہو تو کیا حکم ہوگا۔

(۱۰۱) مطلقہ عورت کا خاوند فوت ہو جائے اور ابھی وہ عدت میں ہو تو کیا حکم ہوگا ابعد الاجلین سے کیا مراد ہے۔اس مسئلہ میں ائمہ ثلاثہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۱۰۲) اگر کوئی مرتد (معاذ اللہ) ہو جائے اور اس وجہ سے اسے قتل کر دیا جائے تو اس کی عدت اور وراثت کا کیا حکم ہوگا۔

(۱۰۳) جس عورت کا حیض بند ہو گیا جسے آئسہ کہتے ہیں وہ مہینوں کے حساب سے عدت گزارتی ہے اگر عدت کے دوران خون آ گیا تو کیا کرے پھر بند ہو گیا تو کیا کرنا ہوگا۔

(۱۰۴) نکاح فاسد ہوا یا شبہ کے ساتھ وطی ہوئی تو وہ عدت گزارے گی جب تفریق ہو گئی اس کی کیا وجہ ہے۔

(۱۰۵) نابالغ بچے کی بیوی حاملہ تھی اور وہ مر گیا تو عدت کا کیا حکم ہے۔ائمہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۱۰۶) دو عدتوں میں تداخل ہوگا اس کی وضاحت کریں اور جس حیض میں طلاق ہوئی وہ عدت میں شمار ہوگا یا نہیں اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔

(۱۰۷) عدت کی ابتداء کب سے ہوگی اس مسئلہ میں امام زفر رحمہ اللہ کا اختلاف ہے دونوں طرف کا موقف مع دلائل ذکر کریں۔

(۱۰۸) عدت ختم ہونے کے بارے میں اختلاف ہو تو کس کا قول معتبر ہوگا مرد کا یا عورت کا اور کیوں؟

Scanned with CamScanner

(۱۰۹) غیر مسلم عورت پر عدت لازم نہیں ہوتی اس کی وجہ تفصیل سے ذکر کریں۔

(۱۱۰) سوگ سے کیا مراد ہے مطلقہ اور بیوہ کے سوگ کی تفصیل اور حکم بتائیں نیز اس مسئلہ میں امام شافعی رحمہ اللہ کا کیا اختلاف ہے اور ہماری دلیل کیا ہے نیز کافرہ عورت پر سوگ نہیں کیا وجہ ہے۔

(۱۱۱) عدت کے دوران عورت کو نکاح کا پیغام دینا کیسا ہے اور اس میں کون سی صورت جائز ہے قرآن وسنت کی روشنی میں واضح کریں۔

(۱۱۲) طلاق یافتہ عدت کے دوران گھر سے باہر نہیں جاسکتی اسی طرح بیوہ عورت کا بھی حکم ہے تو کیا کسی عذر کی وجہ سے بھی نہیں جا سکتیں تفصیل کے ساتھ واضح کریں۔

(۱۱۳) عدت کے دوران مرد اور عورت کے درمیان پردہ ہوگا یا نہیں نیز اگر سفر کے دوران عورت کو تین طلاقیں دی دیں یا فوت ہو گیا تو عورت عدت کہاں گزارے اور کیا طریقہ اختیار کرے اگر اس مسئلہ میں اختلاف ہو تو اس کی وضاحت بھی کریں۔

(۱۱۴) نکاح کے بعد کتنی مدت گزرنے پر بچہ پیدا ہو تو اس شخص سے بچے کا نسب ثابت ہوگا اور اگر طلاق دی تو کتنی مدت بعد تک پیدا ہونے والے بچے کا نسب اس سے ثابت ہوگا اور طلاق کو نکاح کے ساتھ مشروط کیا تو مہر کا حکم کیا ہوگا۔

(۱۱۵) حمل کی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہے اس سلسلے میں اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ارشاد گرامی کی وضاحت کریں۔

(۱۱۶) بچے کی پرورش کا سب سے زیادہ حق کس کو حاصل ہے اگر میاں بیوی میں تفریق ہو جائے تو جن خواتین کو پرورش کا حق حاصل ہوتا ہے ان کا ذکر ترتیب سے کریں اور حکمت بھی بیان کریں۔

(۱۱۷) بچے اور بچی کی پرورش کا حق کب تک ہوتا ہے دونوں کا حکم الگ الگ ہے اس کی وضاحت بھی کریں اور وجہ بھی بتائیں۔

(۱۱۸) طلاق یافتہ عورت بچے کو دوسرے شہر میں لے جاسکتی ہے یا نہیں اس سلسلے میں صاحب ہدایہ نے جو تفصیل ذکر کی ہے اس کی وضاحت کریں۔

(۱۱۹) بیوی کا نفقہ اور رہائش وغیرہ خاوند کے ذمہ ہے اس کی وجہ کیا ہے نقلی دلیل (قرآن وحدیث) اور عقلی دلیل ذکر کریں۔

(۱۲۰) وہ کون کون سی صورتیں ہیں جن میں عورت نفقہ کی مستحق نہیں ہوتی نیز نفقہ کی مقدار کے حوالے سے تفصیل ذکر کریں۔

(۱۲۱) آدمی پر نابالغ بیوی کا خرچہ ہوتا ہے یا نہیں امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف ہے وضاحت کریں نیز اختلاف کی وجہ کیا ہے۔

(۱۲۲) آدمی پر نابالغ اولاد کا نفقہ لازم ہوتا ہے اور بالغ اولاد کا کس صورت میں لازم ہوگا نیز ماں باپ کا نفقہ اولاد پر لازم ہے۔ کیا ان کے مالدار ہونے کی صورت میں بھی لازم ہوگا اگر نہیں تو کیا وجہ ہے۔

(۱۲۳) مرد موجود نہ ہو تو بیوی بچوں اسی طرح ماں باپ کے نفقہ کے لئے کیا کیا جائے اگر اس کا مال موجود تو کیا حکم ہے مال موجود نہ ہو تو کیا حکم ہے۔

(۱۲۴) اگر کوئی شخص تنگدست ہو اور بیوی کے اخراجات کی ادائیگی نہ کر سکتا ہو تو کیا طریقہ اختیار کیا جائے گا حضرت امام شافعی رحمہ اللہ اور احناف کے درمیان اختلاف کی نوعیت اور دلائل ذکر کریں۔

(۱۲۵) اگر شوہر اپنی بیوی کو کچھ عرصہ خرچہ نہ دے تو گزشتہ دنوں کا خرچہ اسے لینے کا حق ہے یا نہیں اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔

Scanned with CamScanner

(۱۲۴) اگر کوئی شخص تنگدست ہو اور بیوی کے اخراجات کی ادائیگی نہ کر سکتا ہو تو کیا طریقہ اختیار کیا جائے گا حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور احناف کے درمیان اختلاف کی نوعیت اور دلائل ذکر کریں۔

(۱۲۵) اگر شوہر اپنی بیوی کو کچھ عرصہ خرچہ نہ دے تو گزشتہ دنوں کا خرچا اسے لینے کا حق ہے یا نہیں اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔

for more books click on th e link
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari



اسی طرح جب قاضی نے نفقہ کا فیصلہ کیا اور چند ماہ بعد خاوند فوت ہو گیا تو کیا حکم ہوگا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف ان کی دلیل کیا ہے۔

(۱۲۶) مرد نے بیوی کو پیشگی خرچہ دیا پھر وہ فوت ہو گیا تو کیا باقی خرچہ واپس لیا جا سکتا ہے؟ اس سلسلے میں ائمہ احناف کے درمیان اختلاف مع دلائل ذکر کریں۔

(۱۲۷) بیوی کو علیحدہ رہائش دینے اور ماں باپ اور دیگر رشتہ داروں سے ملاقات کی اجازت کے بارے میں تفصیلی احکام بیان کریں۔

(۱۲۸) طلاق یافتہ عورت کو عدت کے دوران نفقہ دینا خاوند پر لازم ہے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ رجعی طلاق کے علاوہ میں اختلاف کرتے ہیں دونوں طرف کا موقف مع دلائل ذکر کریں۔

(۱۲۹) بیوہ عورت کے لئے نفقہ نہیں اس کی کیا وجہ ہے، اور اگر عورت کی وجہ سے تفریق ہو تو کس صورت میں نفقہ نہیں ہوگا اور کس صورت میں لازم ہوگا۔

(۱۳۰) دودھ پیتے بچے کو دودھ پلانا ماں کی ذمہ داری نہیں اس کی کیا وجہ ہے اس مسئلہ میں تفصیل ہے اس کی وضاحت کریں دایہ کی اجرت کس پر ہوگی، دودھ پلانے والی عورت نہ ملے تو ماں کے لئے کیا حکم ہوگا اور کیا ماں اپنے بچے کو دودھ پلانے کی اجرت لے سکتی ہے؟ دلائل کے ساتھ بیان کریں۔

(۱۳۱) اگر ماں باپ یا چھوٹی اولاد کافر ہوں تو پھر بھی نفقہ واجب ہوگا اگر ہوگا تو اس کی وجہ بتائیں اسی طرح اگر بیوی کتابیہ ہو تو خاوند کے ذمے اس کا نفقہ ہوگا؟

(۱۳۲) وہ کون سے رشتہ دار ہیں جن کی تنگدستی کی وجہ سے آدمی پر ان کا نفقہ واجب ہوتا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے۔

(۱۳۳) دو بھائی دین میں ایک دوسرے کے مخالف ہوں تو کیا مسلمان بھائی پر کافر بھائی کا خرچہ ہوگا اگر نہیں تو کیوں؟

(۱۳۴) بالغ بیٹی اور اپاہج بالغ بیٹے کے خرچہ کا کیا حکم ہے۔

(۱۳۵) آسانی کی حالت (حالت یسر) کے بارے میں ائمہ کا اختلاف بیان کریں۔

(۱۳۶) بیٹا موجود نہ ہو اور اس کا مال موجود ہو تو ان کے نفقہ کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا جائے اور کیا اس کا سامان یا زمین اس مقصد کے لئے فروخت کی جا سکتی ہے۔

(۱۳۷) قاضی نے کسی شخص کی اولاد، ماں باپ یا ذوی الارحام رشتہ داروں کے لئے نفقہ کا فیصلہ کیا اور مدت گزر گئی تو کیا نفقہ ساقط ہو جائے گا اگر ساقط ہوگا تو اس کی وجہ کیا ہے نیز بیوی کا حکم اس سے مختلف ہے فرق کیوں ہے اور کس صورت میں ان لوگوں کا یہ نفقہ ساقط نہیں ہوگا۔

Scanned with CamScanner